6 مئی 2014ء

فوری استعمال کی اشیا کی برآمد کے حوالے سے اسٹیٹ بینک کی وضاحت

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تازہ مچھلی، سبزی، پھل، پولٹری اور فوری استعمال کی دیگر اشیا (perishable goods) کی پاکستان سے برآمد کے لیے دستیاب سہولت کے ضمن میں وضاحت جاری کی ہے۔

یہ واضح کیا گیا ہے کہ برآمد کے لیے پیشگی ادائیگی یا ناقابل تنسیخ لیٹرز آف کریڈٹ کی شرط اُن اجناس پر لاگو ہوتی ہے جن کی وزارتِ تجارت کے جاری کردہ ایکسپورٹ پالیسی آرڈر میں صراحت کی گئی ہے۔ جو اجناس ایکسپورٹ پالیسی آرڈر میں مذکور نہیں، خواہ وہ فوری استعمال کی ہوں یا نہ ہوں، ان کے سلسلے میں برآمدات کے تمام دیگر جائز طریقے متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق اختیار کیے جاسکتے ہیں۔

یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ تازہ مچھلی، سبزی، پھل، پولٹری یا فوری استعمال کی دیگر اجناس کی برآمد کے لیے پاکستان میں کسی بینک کے نام یا درآمد کنندہ ملک میں کسی بینک کے نام ٹائیٹل کی دستاویزات جاری کرنا ضروری نہیں۔ تاہم برآمد کنندہ کا بینک کسٹم ریکارڈ کے ذریعے شپمنٹ کی کیفیت کی تصدیق کرے گا۔

☆☆☆